ABC CERTIFIED

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | پیر 19 اکتوبر 2026ء 08 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر

07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 45

خیبر پختونخوا کیلئے 137 ارب کا پیکیج وزیراعظم آج اعلان کرینگے

معدنیات سے متعلق کسی کمپنی سے کنٹریکٹ نہیں کیا، ہم پر الزام لگا امریکا کو معدنیات دیدی ہیں، مولانا فضل الرحمان کی غلط بات کو غلط کہنا بھی ہماری ذمہ داری ہے

یہ کہتے تھے 90 فیصد عوام ہمارے ساتھ ہے، کون سے عوام پی ٹی آئی کیساتھ نکلے؟ ہم نے کہا احتجاج کریں لیکن قانونی دائرے میں رہتے ہوئے، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وزارت تعلیم اور گوتھے آئی میں معاہدہ کے موقع پر موجود ہیں

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل نے اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ وزیراعظم کل خیبر پختونخوا کا دورہ متوقع ہے، وزیراعظم کے پی کیلئے 137 ارب کے پیکیج کا اعلان کرینگے، معدنیات سے متعلق کسی کمپنی سے کنٹریکٹ نہیں کیا، ہم پر الزام لگا امریکا کو معدنیات دے دی ہیں، میں نے آج ثبوت مانگا، کے پی میں پہلے مولانا فضل الرحمان، پھر پی ٹی آئی کی حکومت تھی۔ بریسٹر عقیل کا کہنا تھا کہ طرز سیاست میں ہمارے شامل ہیں، عوام کہتے ہیں ان کی باریاں ہیں، یہ تنخواہیں ہیں، انکار نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کی طرف سے عوام کو نعرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 3)

پی آئی اے میں بڑے فراڈ کا انکشاف، عملہ کی تنخواہیں کاٹنے کا حکم

عملہ بورڈنگ اور پرواز کی روانگی کے بعد پرکشش بڑی سیٹوں کی رقم مسافروں سے لیکر اپنی جیبوں میں ڈالتے رہا

فراڈ پوسٹ فلائی افسران کی ملی بھگت سے کیا گیا، تین خواتین سمیت بیس کے قریب افسران و ملازمین شامل

لاہور (بیورو رپورٹ) پی آئی اے میں پرکشش سیٹوں کو نارمل سیٹوں میں تبدیل کر 50 لاکھ روپے سے زائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ اور سپیکر خیبر پختونخوا کی گرفتاری جمہوریت نہیں، بیرسٹر گوہر

ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان مضبوط ہو، ریاست مستحکم ہو اور معیشت ترقی کرے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ اور سپیکر خیبر پختونخوا کی گرفتاری جمہوریت نہیں ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر خان کا کہنا تھا کہ مخالفین کے پاس پہلے ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقامی مصافحہ کر رہے ہیں

حرمین کا تحفظ اولین ترجیح

کسی جارحیت پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، ترجمان پاک فوج

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ 3 ممالک کی بصیرت کا نتیجہ، سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے سرخ لکیر کی حیثیت رکھتا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

مکہ الائنس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں، مسلم امہ کو آپس میں لڑنے کے بجائے اتحاد و یکجہتی پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے، مشرق وسطیٰ تنازع کو مزید پھیلانے سے گریز ہی ناگزیر، انٹرویو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ اولین ترجیح ہے، کسی بھی جارحیت کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے واضح کیا کہ مشرق وسطیٰ کے جاری تنازع میں مذاکرات کی ناکامی یا کسی فوجی محاذ آرائی کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس فعال ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ 3 ممالک کی بصیرت کا نتیجہ ہے جو بہت مختصر وقت میں تیزی سے آگے بڑھا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے سرخ لکیر کی حیثیت رکھتا ہے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ حرمین شریفین کے تقدس پر کسی قسم کا سمجھوتا ممکن نہیں۔ اس حوالے سے پاکستانی سیاسی و عسکری قیادت کا مؤقف دوٹوک ہے۔ مقدس مقامات پر کسی بھی جارحیت کی صورت میں عوام اور ریاست میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، لہٰذا تنازع کو مزید وسعت دینے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مکہ الائنس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں ہے، تاہم یہ اتحاد خطے میں امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کا یہ اشتراک کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں پائیدار استحکام اور خوشحالی کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم امہ کو آپس میں لڑنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 3)

بجلی چور صارفین سے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ

لیسکو کا میٹر میں ٹمپرنگ پر 14400 روپے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنا شروع

لاہور (آئی این پی) لیسکو نے بجلی چوری کرنے والے صارفین سے اے ایم آئی سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ کرلیا، ٹمپرنگ ثابت ہونے پر صارفین کو سٹینک میٹر کی بجائے سمارٹ میٹر کے لئے چودہ ہزار چار سو روپے کا ڈیمانڈ نوٹس ادا کرنا پڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 3)

بلیو پاسپورٹس کی تعداد کم کرکے 45 ہزار کردی: طلال چودھری

تعداد براہ راست پاکستان کی عالمی پاسپورٹ رینکنگ پر اثر انداز ہوتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ بلیو پاسپورٹس کی تعداد 75 ہزار سے کم کرکے 45 ہزار کردی۔ پاسپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 4)

اسلام آباد امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن خیبر پختونخواہ کی صورتحال پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روس، یوکرین جنگ بندی کیلئے مذاکرات کر رہا ہوں، ٹرمپ

ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہتا جس سے روس مذاکرات کی میز سے دور چلا جائے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے روس مذاکرات سے دور ہوجائے۔ ایک بیان میں انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

حافظ نعیم الرحمن کی زیر صدارت خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اہم اجلاس

صوبہ میں گورنر راج، ایمرجنسی اقدامات، امن عامہ کے مسائل پر طویل غور و غوض

پٹرولیم لیوی پر احتجاج کے آئندہ مرحلے کی بھرپور تیاری کی جائے، امیر جماعت

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی زیر صدارت خیبر پختونخواہ میں گورنر راج، بعض اضلاع میں ہنگامی صورتحال کے نفاذ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ملکہ دفاعی معاہدہ جنگ کیلئے نہیں دفاع اور امن کیلئے ہے، محسن نقوی

پاکستان سعودیہ کیساتھ ہر مشکل وقت میں کھڑا رہے گا، ایران، امریکا کے درمیان امن کوششیں جاری رکھیں گے

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے قیام کی کوشش کی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا قطر سیکورٹی فورم سے خطاب

دوحہ (صباح نیوز) پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد جنگ نہیں بلکہ دفاع اور علاقائی امن کا فروغ ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ ہر مشکل وقت میں کھڑا رہے گا اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پاکستان اور انگلینڈ آج راولپنڈی میں ون ڈے میچ کھیلیں گے

سری لنکا کو شکست دینے کے بعد پاکستان کی نظریں انگلینڈ کیخلاف دوسری کامیابی پر مرکوز

راولپنڈی (پی پی اے) سہ ملکی ون ڈے سیریز 2026 کے دوسرے میچ میں پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیمیں آج (منگل) راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گی میچ پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا جبکہ ٹاس ساڑھے بارہ بجے ہوگا پاکستان نے سیریز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی مولانا نسیم شاہ گرفتار

بنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی کے ایم این اے مولانا نسیم شاہ کو گرفتار کرلیا گیا۔ تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی مولانا نسیم شاہ کو پولیس نے بنوں سے گرفتار کرلیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 0)

پاکستان کے سفیر کا روس کیساتھ قریبی تجارتی اور تعلیمی تعلقات پر زور

مباحثے میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کے لیے عملی اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی

اسلام آباد (پ ر) روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے آج انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں ''پاکستان-روس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 3)

نیتن یاہو امریکا کو ایک اور جنگ میں دھکیل رہا ہے، عراقچی

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ نیتن یاہو جیل سے بچنے کے لیے امریکا کو ایک اور جنگ میں دھکیل رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

KP صحت کارڈ پلس پروگرام میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس

تحقیقات شروع، نیب کی جانب سے بینک اسٹیٹمنٹس، آڈٹ رپورٹس اور ویندر معاہدے طلب

اسلام آباد (آئی این پی) قومی احتساب بیورو نے خیبر پختونخوا صحت کارڈ پلس پروگرام کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس لے لیا۔ نیب نے صحت انصاف کارڈ کے سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ریاض ایئرپورٹ پر حملوں میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے، سفارتی ذرائع

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثیوں کے دو حملوں میں 17 پاکستانی شہری زخمی ہوگئے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سینیٹ میں عائلی قوانین، نجی سیکیورٹی گارڈز کے حقوق سمیت 9 بل پیش

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ اجلاس میں عائلی قوانین، ماحولیاتی انصاف، نجی سیکیورٹی گارڈز کے حقوق اور معاشی منصوبہ بندی سمیت مختلف شعبوں سے متعلق 9 بل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

نی آئی ایس پی ایوارڈ یمن اور عالمی ادارہ خوراک میں شراکت داری

مقصد خواتین کو مالی امداد کیساتھ انہیں اپنے حقوق سے آگاہ کرنا، فیصلہ سازی میں ان کا کردار بڑھانا ہے

خواتین کے لیے ہنر سیکھنے، روزگار، کاروبار شروع کرنے اور ڈیجیٹل سہولیات تک رسائی کے مواقع بڑھائے جائینگے، روبینہ خالد

اسلام آباد، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد شراکت داری معاہدہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) جینیفر اٹکسپورٹ پروگرام، یو این ویمن اور عالمی ادارہ خوراک نے پاکستان میں صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مشترکہ اعلامیے پر دستخط کیے ہیں۔ اس شراکت داری کا مقصد خواتین کو صرف مالی امداد فراہم کرنا ہی نہیں بلکہ انہیں اپنے حقوق سے آگاہ کرنا، فیصلہ سازی میں ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

آبنائے ہرمز میں 6000 ملاح پھنسے ہوئے ہیں، میری ٹائم

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کے میری ٹائم چیف نے خبردار کیا ہے کہ تجارتی بحری جہازوں پر بڑھتے ہوئے حملوں کے درمیان ہزاروں ملاح آبنائے ہرمز کے قریب پھنسے ہوئے ہیں۔ فنانشل ٹائمز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جسٹس حسن اظہر نے قائم مقام چیف جسٹس کا حلف اٹھالیا

جسٹس عامر فاروق نے حلف لیا، تقریب میں ججز، عدالتی افسران و سٹاف کی شرکت

اسلام آباد (صباح نیوز) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف اٹھالیا۔ جسٹس عامر فاروق نے قائم مقام چیف جسٹس سے حلف لیا، تقریب حلف برداری وفاقی آئینی عدالت میں ہوئی، تقریب میں ججز، عدالتی افسران و سٹاف اور لاء افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

وزارت خارجہ: دستاویزات کی تصدیق کیلئے ڈیجیٹل انٹیگریشن سسٹم کا آغاز

اب شہری اپنے گھر بیٹھے آن لائن دستاویزات کی تصدیق کروا سکیں گے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) وزارتِ خارجہ (MOFA) کی جانب سے دستاویزات کی تصدیق کے لیے ڈیجیٹل انٹیگریشن سسٹم کا آغاز کر دیا گیا ہے اس حوالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک نمبری!

باعزت روزگار تعلیم صحت کو معاشی پالیسیوں کا محور بنانا ہوگا

ترقی کے ثمرات سماج کے محروم طبقات تک پہنچنے بھی لازم ہوں

غربت میں پہلے ہی عوام کی زندگی اجیرن ہے، مہنگائی نے کمر توڑ دی ہے، نوجوان بے روزگاری سے پریشان ہیں اور سفید پوش طبقہ دو وقت کی روٹی کے لیے جدوجہد کر رہا ہے۔ ایسے حالات میں غربت میں نمبر ون ہونے کا اعزاز آخر کس کام کا؟ سوال یہ ہے کہ اب آگے کیا ہوگا؟ کیا عوام کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا یا کوئی ایسا دن بھی آئے گا جب عام پاکستانی سکون کا سانس لے سکے گا؟ وطنِ عزیز کو نعروں اور دعوؤں کی نہیں، ایسے عملی اقدامات کی ضرورت ہے جو عوام کے چہروں پر مسکراہٹ اور گھروں میں خوشحالی واپس لائیں پاکستان کی 3.38 فیصد آبادی صحت، تعلیم اور معیار زندگی کی محرومیوں کا شکار ہے جبکہ مزید 9.12 فیصد آبادی کثیر جہتی غربت کے خطرے سے دوچار ہے۔ کثیر جہتی غربت محض آمدنی کی کمی کا نام نہیں بلکہ اس سے مراد زندگی کی بنیادی ضروریات اور سہولتوں سے محرومی ہے۔ کسی خاندان کی آمدنی بظاہر مناسب بھی ہو لیکن اگر اس کے بچوں کو معیاری تعلیم میسر نہیں، بیماری کی صورت میں علاج کرانا مشکل ہے صاف پانی اور صفائی کی سہولتیں دستیاب نہیں اور رہائش کا معیار ناقص ہے تو اس خاندان کو حقیقی معنوں میں خوشحال قرار نہیں دیا جا سکتا؛ چنانچہ کثیر جہتی غربت کا اشاریہ کسی ملک میں انسانی ترقی کی اصل صورتحال کو سمجھنے کا اہم پیمانہ ہے۔ تاہم ہمسایہ ممالک کی نسبت پاکستان میں کثیر جہتی غربت کی بلند شرح واضح کرتی ہے کہ معاشی استحکام اور بحالی کے دعوؤں کے باوجود یہاں عام آدمی کی زندگی میں بہتری نہیں آرہی اور غربت کے خاتمے کیلئے اختیار کی جانے والی حکمت عملی مؤثر ثابت نہیں ہو رہی۔ بھارت میں کثیر جہتی غربت کی شرح 4.16 فیصد ہے اور بنگلہ دیش میں 9.14 فیصد جبکہ بھارت میں مزید 2.4 فیصد آبادی غربت کے خطرے سے دوچار ہے اور اور بنگلہ دیش میں 9.3 فیصد۔ معاشی ترقی مالیاتی استحکام اور سرمایہ کاری کے اعداد و شمار اپنی جگہ اہم ہیں لیکن اپنی حقیقی افادیت اس وقت سامنے آتی ہے جب عام شہری کی قوت خرید بہتر ہو، روزگار کے مواقع بڑھیں اور بنیادی سہولتوں تک رسائی آسان ہو۔ اگر معیشت کے بعض اشاریوں میں بہتری کے باوجود بڑی تعداد میں لوگ تعلیم، صحت اور مناسب رہائش سے محروم رہیں تو معاشی کامیابی کے دعوؤں پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔ ملک میں کثیر جہتی غربت کی شدت میں بیروزگاری، کم آمدنی، مہنگائی اور معاشی مواقع کی غیر مساوی تقسیم کا بنیادی کردار ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے مقابلے میں روزگار کے مناسب مواقع میسر نہ ہونے سے نوجوانوں کی بے روزگاری بڑھ رہی ہے اور گھرانوں کی آمدنی اور اخراجات میں فرق بڑھتا جاتا ہے۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے کم آمدنی والے گھرانوں کیلئے خوراک، تعلیم علاج، توانائی اور دیگر بنیادی اخراجات پورے کرنا دشوار ہو چکا ہے۔ غربت صرف موجودہ ضروریات پوری کرنے میں رکاوٹ نہیں بن رہی بلکہ مستقبل میں بہتر زندگی کے امکانات بھی محدود کر رہی ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں محرومیاں اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا رہی ہیں۔ اس صورتحال میں یہ خدشہ مزید تشویش کا باعث ہے کہ معیاری تعلیم سے محروم بچوں کو مستقبل میں بہتر ملازمتوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ علاج کی سہولتوں تک محدود رسائی خاندانوں کو مالی مشکلات میں دھکیلنے کا سبب بنے گی۔ دیہی علاقوں کی پسماندگی اور شہری آبادیوں میں بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

روزنامہ Daily SHEHAR NAMA شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

0333-5196088 :فون
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

اسلامی ممالک کو "اجتماعی سکیورٹی فریم ورک" قائم کرنا ہوگا!

سعودی عرب کے پاکستان میں تعینات نئے سفیر ڈاکٹر راجح طامی الشمّی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اِس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔ اُنہوں نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سٹریٹیجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد نہ صرف برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ یہ علاقائی اَمن اور سلامتی کیلئے اُن کے مشترکہ عزم کے عکاس بھی ہیں۔ شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاکستان اُس کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ اُنہوں نے پاکستان کو فراہم کی جانے والی طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ترجمان دفترِ خارجہ سجاد حیدر خان نے بھی ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور اِس مشکل وقت میں سعودی عرب کے حقِ دفاع کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ حوثیوں کے حملے پورے خطے کے اَمن اور استحکام کے لئے ایک بڑا خطرہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سکیورٹی کے تحفظ کیلئے اس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہے۔

دنیا بھر کے بیشتر ممالک نے ریاض ایئرپورٹ سمیت سعودی عرب کے دیگر مختلف مقامات پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی جبکہ پاکستان ترکیہ اور مصر نے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اِس بات کا عہد کیا تھا کہ سعودی سرزمین اور شہریوں کے دفاع کے لئے اُس کے جائز حق کی حمایت جاری رکھیں گے۔ اُنہوں نے سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کو فوری اور غیر مشروط طور پر بند کرنے کا مطالبہ بھی کیا تھا۔ سعودی عرب اور حوثی باغیوں کے درمیان حالیہ دِنوں میں بڑھتی ہوئی کشمکش نے "گلوبل ساؤتھ" بالخصوص سعودی عرب کی سلامتی کو خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور ہوائی اڈوں کے علاوہ بعض مقدس مقامات پر حملوں کی کوشش سے خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ حوثی باغی نہ صرف باب المندب پر کنٹرول بلکہ سعودی عرب کے تیل کے ترسیلی نظام کو برباد کرنے کے درپے ہیں، ظہران میں آرامکو کے ہیڈکوارٹر پر حملہ، مقدس شہر مدینہ پر کروز میزائل کا داغا جانا اور 11 اکتوبر کو ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والا ہلاکت خیز حملہ اِس کا واضح ثبوت ہیں۔ اِس حملے میں درجن سے زائد افراد کی ہلاکت اور سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات آئی تھیں۔ سعودی عرب کو جنگ میں دھکیلنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے جس سے خطے کے عوام میں شدید اضطراب پایا جاتا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ اِس وقت سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور برادر اسلامی ملک کو ہر طرح کی مطلوبہ معاونت فراہم کر رہے ہیں، پاکستان نے وہاں ایک عرصے سے فوجی دستے تعینات کر رکھے ہیں جبکہ ترکیہ بھی پارلیمان کی منظوری کے بعد جلد فوجی دستے سعودی عرب بھیج دے گا۔ یاد رہے کہ رواں سال اگست میں عمل مکہ مشترکہ اتحاد کی بنیاد رکھی گئی تھی، اِس کے ادارہ جاتی عمل کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل کا عہدہ پاکستان کے پاس ہے اور اِس نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو تعینات بھی کر دیا ہے۔ سعودی عرب نے پاکستان اور ترکی کے ساتھ مل کر موجودہ حالات سے نبرد آزما ہونے اور آئندہ پیش آسکنے والے واقعات کی پیش بندی کرتے ہوئے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی داغ بیل ڈالی۔ بہت سے دیگر ممالک بھی اِس اتحاد کا حصہ بننے کی خواہش کا اظہار کر چکے ہیں۔

موجودہ حالات میں یہ بات بھی کھل کر سامنے آگئی ہے کہ عرب ممالک کو اپنی اور علاقائی سکیورٹی پر توجہ مرکوز کرنی چاہئے، وہ صرف امریکہ پر انحصار نہیں کر سکتے۔ پاکستان اور ترکیہ علاقائی ذمہ داری کے تحت اَمن اور استحکام کے خواہاں ہیں اور یہی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بنیادی مقصد ہے اور اِسی کے طفیل زیادہ تر مسلم ممالک ایک ہی صف میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اسرائیل توسیع پسندانہ عزائم رکھتا ہے اور اِس کے لئے وہ کسی بھی حد تک جانے کو ہر وقت تیار ہے، امریکہ اُس کی پشت پناہی سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ اِن حالات میں مشرقِ وسطیٰ کے تمام برادر اسلامی ممالک بالخصوص عرب ریاستوں اور ایران کو باہمی بے اعتمادی پر قابو پا کر "اجتماعی سکیورٹی فریم ورک" قائم کرنا ہوگا وگرنہ معاملات اِن کے ہاتھوں سے نکلتے چلے جائیں گے۔ اِنہیں اپنے تنازعات اور باہمی چپقلشیں جلد از جلد حل کر کے آگے بڑھنا ہوگا نہیں تو اسلامی ممالک کی تقسیم سے فائدہ اٹھانے والے اس صورتحال سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

دہرا معیار نہ رکھیں!

خیبر پختونخوا میں پاک افغان سرحد پر تاجکیکٹر، اپر کرم اور غوز گڑھی کے علاقوں میں افغان طالبان کی جانب سے ہونے والی فائرنگ اس طویل سلسلے کی تازہ کڑی ہے جس کے تحت پاکستان کو گزشتہ کئی برسوں سے افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کا سامنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، افغان طالبان نے فائرنگ اس لیے کی کہ خارجی دہشت گردوں کو سرحد پار کرنے میں مدد مل سکے۔ سکیورٹی فورسز نے اس کارروائی کا فوری اور مؤثر جواب دیا۔ غوز گڑھی میں متعدد طالبان اہلکاروں کی ہلاکت اور اپر کرم میں ٹاپس پوسٹ اور شپولا بیس کیمپ کو نشانہ بنانے کی اطلاعات ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی کے بعد طالبان اہلکار اپنی پوسٹ خالی کرنے پر مجبور ہوگئے۔ ادھر، پاکستان ملٹری اکیڈمی میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ سرحد پار سے در اندازی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

اس صورتحال کو سمجھنے کے لیے ذرا پیچھے جانا ضروری ہے۔ اگست 2021ء میں جب کابل میں طالبان کی حکومت قائم ہوئی تو پاکستان میں بہت سے لوگوں کو توقع تھی کہ طویل جنگ کے بعد افغانستان میں امن آئے گا اور سرحد کے دونوں جانب کے عوام سکھ کا سانس لیں گے۔ پاکستان نے چار دہائیوں سے زائد عرصے تک لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کی۔ اس نے اپنے وسائل، معیشت اور سماجی ڈھانچے پر بے پناہ بوجھ مسلسل برداشت کیا اور عالمی فورمز پر افغانستان کے لیے مسلسل آواز اٹھائی۔ اس تاریخی تعلق کے بدلے پاکستان کو یہ توقع تھی کہ کابل میں برسرِ اقتدار قوت اس کی سلامتی کے خدشات کو سنجیدگی سے لے گی لیکن ہوا سب کچھ اس کے برعکس، طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں اضافہ ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق، 2024ء گزشتہ ایک دہائی کا سب سے خونریز سال ثابت ہوا جس میں سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کی بڑی تعداد جان سے گئی۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان دہشت گردی کا خاص ہدف رہے۔ ان حملوں کی منصوبہ بندی، تربیت اور قیادت کے مراکز افغانستان میں ہیں۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان یا فتنہ الخوارج افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ پاکستان کا یہ موقف محض الزام نہیں بلکہ وہ اس کے حق میں شواہد بھی پیش کر چکا ہے۔ متعدد حملوں کے بعد گرفتار یا ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے افغانستان اور افغان طالبان سے روابط سامنے آئے۔ حملہ آوروں کے زیرِ استعمال بعض جدید ہتھیار اور مواصلاتی آلات اس نوعیت کے تھے جو افغانستان میں چھوڑے گئے غیر ملکی ساز و سامان سے مماثلت رکھتے ہیں۔ پاکستان نے یہ معاملہ کابل کے ساتھ دو طرفہ سطح پر بھی اٹھایا اور بین الاقوامی برادری کے سامنے بھی یہ معاملہ پیش کیا۔

وفود کے تبادلے ہوئے، مذاکرات کے دور چلے اور دوست ممالک کی ثالثی میں بات چیت بھی ہوئی، اس سلسلے میں افغان طالبان کی طرف سے ہر بار زبانی یقین دہانیاں تو ملیں مگر کوئی ٹھوس اور قابلِ تصدیق کارروائی نظر نہیں آئی۔

اس معاملے کا ایک بنیادی پہلو فروری 2020ء کا دوحہ معاہدہ ہے۔ اس میں طالبان نے عالمی برادری کے سامنے یہ عہد کیا تھا کہ افغان سرزمین کسی دوسرے ملک کی سلامتی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دی جائے گی۔ پاکستان کا استدلال ہے کہ یہ وعدہ صرف امریکا سے نہیں بلکہ پورے خطے سے تھا اور اس پر عمل کرنا طالبان کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے۔ جب ایک حکومت اپنی سرزمین پر موجود دہشت گرد گروہوں اور تنظیموں کو لگام نہیں دیتی یا دینا نہیں چاہتی تو ان گروہوں اور تنظیموں کی تخریبی کارروائیوں سے متاثر ہونے والے ہمسایہ ملک کے پاس اپنے دفاع کے سوا کیا راستہ بچتا ہے؟ اقوامِ متحدہ کے چارٹر نے ہر ریاست کو اپنے دفاع کا حق دیا ہے اور پاکستان اپنی حق کے تحت اپنی سرحدوں اور شہریوں کی حفاظت کر رہا ہے۔

اس کہانی کا دوسرا اہم حصہ بھارت کا کردار ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کو ہوا دینے والی قوتوں کی پشت پناہی کرتا ہے۔ بلوچستان میں سرگرم فتنہ الہندوستان نامی تخریب کار عناصر کو بھارت کی مالی، عسکری اور سفارتی سرپرستی حاصل ہے۔ اس سلسلے میں 2016ء میں بلوچستان سے گرفتار بھارتی بحریہ کے حاضر سروس افسر کلبھوشن سدھیر یادیو کا نام بہت اہمیت کا حامل ہے جس نے اپنے اعترافی بیان میں پاکستان میں تخریبی نیٹ ورک چلانے کا اقرار کیا۔ یہ معاملہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بھارت کی دلچسپی صرف سفارتی مخالفت تک محدود نہیں ہے بلکہ پراکسی عناصر کے ذریعے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے تک پھیلی ہوئی ہے۔ بھارت اور افغانستان میں موجود دہشت گرد نیٹ ورکس کے درمیان رابطوں اور تعاون کا ایک تسلسل ہے۔ بلوچ علیحدگی پسند گروہوں اور تحریک طالبان پاکستان جیسے عناصر کی کارروائیاں اکثر ایک ہی وقت میں تیز ہوتی ہیں اور یہ محض اتفاق نہیں بلکہ مربوط حکمتِ عملی کا نتیجہ سمجھا جاتا ہے۔ بنیادی سوال یہ ہے کہ بھارت نے کابل میں گزشتہ برسوں کے دوران اپنے سفارتی اور تزویراتی تعلقات کو جس انداز میں بڑھایا، اس کا مقصد کیا ہے؟ یہ محض خیر سگالی نہیں بلکہ پاکستان کو دو محاذوں پر دباؤ میں رکھنے کی کوشش ہے، یعنی ایک طرف مشرقی سرحد پر کشیدگی اور دوسری جانب مغربی سرحد پر عدم استحکام۔ اقوامِ متحدہ کی نگرانی ٹیموں کی رپورٹوں میں یہ ذکر آتا رہتا ہے کہ افغانستان میں مختلف دہشت گرد تنظیمیں موجود ہیں اور کالعدم ٹی ٹی پی کو وہاں آزادی حاصل ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان کا مطالبہ سادہ سا ہے کہ جو ملک دہشت گردی کا شکار ہے اس کی بات سنی جائے اور دہشت گردی کے خلاف ہر ملک کے ساتھ دہرا معیار نہیں اپنایا جانا چاہیے۔ اگر دنیا کے کسی اور خطے میں ایسے واقعات پیش آئیں تو عالمی ردِعمل فوری اور شدید ہوتا ہے

جمہوری جہد و جہد کو سبوتاژ کرنے کی کوشش!

اکتوبر کا مہینہ جیسے ہی شروع ہوتا ہے ہر جمہوریت پسند اور محبِ وطن پریشان ہو جاتا ہے۔ 18 اکتوبر کو ملک کی سب سے بڑی جمہوری پارٹی پیپلز پارٹی کو دیوار سے لگانے کی ناکام کوشش کی گئی۔ جیسے ہی محترم بے نظیر بھٹو نے جلاوطنی کے بعد کراچی میں قدم رکھا تو ملک دشمن عناصر متحرک ہو گئے۔ محترمہ کو ان دشمنوں کی سازشوں کی خبر بھی دی گئی مگر محترمہ نے عوام میں ہی جانا پسند کیا مگر جیسے ہی وہ عوام کے سمندر میں پہنچی تو خودکش حملہ آوروں سے اپنا کام شروع کر دیا جس کے نتیجے میں سینکڑوں افراد لقمہ اجل بن گئے۔ جب ملک دشمن عناصر نے کراچی جیسے شہر جسے روشنیوں کا شہر کہا جاتا ہے بے گناہوں کو خون سے نہلا دیا ان ملک دشمن عناصر کی سوچ انتہائی سطحی اور پست تھی ان ظالموں کا خیال تھا کہ ہم بزورِ طاقت محترمہ بے نظیر بھٹو کے مشن کو سبوتاژ کر دیں گے مگر ایسا نہ ہو سکا ان بے گناہوں کے خون سے پیپلز پارٹی کے جوش و جذبہ میں مزید اضافہ کیا۔ لیکن دشمن باز نہ آئے وہ ہر صورت میں محترمہ بے نظیر بھٹو کو راستے سے ہٹا کر جمہوریت کا سورج غروب کرنا چاہتے تھے مگر پی پی کی محبوب لیڈر نے اپنی جانثارانہ دے کر پیپلز پارٹی کو نئی زندگی بخشی۔ روزِ ازل سے ہی خیر اور شر کی قوتیں برسرِ پیکار ہیں۔ بظاہر شر اور ظلم زیادہ طاقت ور نظر آتا ہے اور بسا اوقات وہ کامیاب بھی نظر آتا ہے مگر خیر اور بھلائی کبھی ختم نہیں ہوتی بلکہ ہر بار نئے جوش کے ساتھ ابھرتی ہے کہ خبر کہ آج یزید کا نام لینے والا کوئی نہیں جبکہ ہر مسلمان سیدنا حسین علیہ السلام کے ساتھ محبت اور مودت کا رشتہ قائم رکھنا ہی دنیا و آخرت کی کامیابی سمجھتا ہے۔ اسی طرح 18 اکتوبر 2007 کو شرکی جن قوتوں نے انسانی حقوق جمہوریت اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے پاکستان آنے والی محترمہ بینظیر بھٹو کو راستے سے ہٹانے کیلئے سینکڑوں لوگ مار دیئے تھے آج وہ منہ چھپائے ہوئے ہیں جبکہ محترمہ کی یادگاران کا بیٹا بلاول بھٹو زرداری ایک نئے ولولے اور جوش و جذبے سے ان کو للکار رہا ہے۔ اس موقع پر بلال بھٹو نے نہ صرف شہدائے 18 اکتوبر کے لواحقین کو احساس اپنائیت دیا بلکہ پاکستان دشمن قوتوں کو بھی خبردار کیا کہ عام آدمی کو حقوق دلانے کی جو جنگ اس کے نانا ذوالفقار علی بھٹو نے شروع کی تھی اور جس کیلئے اس کی ماں نے بھی اپنی جان قربان کر دی۔ وہ جنگ جاری ہے دہشت گرد اور رجعت پسند ہزار ظلم کر لیں ان کو جمہوریت کے ذریعے شکست دی جائے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے 18 اکتوبر کو کراچی میں مزار قائد پر جلسہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ جلسہ در اصل وہی ہے جو 18 اکتوبر 2007 کو نہ ہو سکا تھا اور دہشت گردی کے ذریعے 180 سے زائد کارکن شہید اور سینکڑوں زخمی کر کے وقتی طور پر محترمہ بینظیر بھٹو کو پروگرام ملتوی کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ اس رات محترمہ نے ایئرپورٹ سے مزار قائد لظفر پر آکر خطاب کرنا تھا۔ یہ جلسہ اور یہ خطاب ایک قرض تھا بلکہ پیپلز پارٹی پر فرض تھا، جو شہید بی بی کے جانثیں بلاول بھٹو اسی تاریخ کو پورا کرنے جا رہا ہے۔ یہ دن نہ صرف پیپلز پارٹی بلکہ پاکستان کے محروم اور مظلوم طبقوں کیلئے بھی ایک امید افزا دن ہے اور بی بی کی پارٹی کو ایک نیا جنم ملنے والا ہے سیاست میں گرما گرمی اور نئے دور کی نئی ضرورتوں کے تحت جس طرح نئے خون اور نئے جذبوں کی ضرورت ہے اسی طرح پیپلز پارٹی بھی نوجوان قیادت کے ہاتھوں ایک نیا سفر شروع کرنے جا رہی ہے۔ اگر چہ جلسہ کراچی میں ہو رہا ہے مگر پورے ملک میں جوش و خروش ہے۔ اکتوبر کے مہینے میں اہل پاکستان کی افسوسناک اور خونی یادیں وابستہ ہیں۔ 15 اکتوبر کے زلزلے کے زخم ہوں یا قائد ملت لیاقت علی خان کی 16 اکتوبر کو شہادت کا غم اپنی اپنی جگہ دلفگار ہیں مگر 18 اکتوبر 2007 کو اہل وطن نے جو قیامت دیکھی ہے اس کی یاد ایک مستقل درد بن کر دلوں میں جاگزین ہے۔ یہ وہ المناک تاریخ ہے جب شہید ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی اور کروڑوں لوگوں کی امیدوں کا محور محترمہ بینظیر بھٹو ایک آمر وقت کے چنگل سے وطن کو آزاد کرانے کیلئے واپس آرہی تھیں۔ ان کی آمد پر خوشیوں سے سرشار لاکھوں جیالے کراچی

میں موجود تھے کسی بھی سیاسی لیڈر کے استقبال کیلئے اتنے بڑے ہجوم کا یہ ایک ریکارڈ تھا۔ اس سے پہلے کا ریکارڈ بھی محترمہ کا ہی تھا جو 1986 میں ان کی لاہور آمد پر قائم ہوا تھا۔ یہ عوام کی طرف سے پذیرائی اور محبت کی ایک ایسی مثال تھی جو کوئی دوسرا پیش نہیں کر سکتا۔ ایک طرف جانثاروں کا ٹھاٹیں مارتا سمندر تھا تو دوسری طرف وطن اور عوام دشمن قوتیں بھی اپنی پوری خباثت کے ساتھ موجود تھیں۔ محترمہ کو پاکستان واپس آنے سے کئی بار منع کیا گیا مگر وہ اپنے وطن اور عوام کو بے رحم آمریت کے رحم و کرم پر کیسے چھوڑ سکتی تھیں۔ اس لیے انہوں نے تمام دھمکیوں اور خطرات کو پس پشت ڈال کر پاکستان آنے کا فیصلہ کیا تھا اور ان کو راستے سے ہٹانے کیلئے رجعت پسند قوتوں نے بھی پورا پورا بندوبست کر رکھا تھا یہ ایک منظم سازش تھی جس میں حکمران اور طالبان دونوں شریک تھے۔ مقامی شہری انتظامیہ نے استقبالی جلوس کے راستے میں سٹریٹس لائٹس بند کر کے دہشت گردوں کو موقع دیا اور پھر ایک منٹ کے وقفے سے دو دھماکوں نے کراچی کو لہولہان کر دیا۔ 180 جانثار قربان ہو گئے جبکہ سینکڑوں معذور اور زخمی ہو گئے۔ یہ سانحہ ملکی تاریخ کا اندوہناک ترین سانحہ تھا اور سیاسی قربانیوں کی ایک لازوال مثال تھی۔ اگر چہ ان دھماکوں سے چند لمحے پہلے ہی محترمہ بینظیر بھٹو اپنے ٹرک کی چھت سے اتر کر نیچے آگئی تھیں جس وجہ سے وہ خود تو بچ گئی مگر ایک طرف تو ان کا دل اپنے پیارے کارکنوں کی موت پر دکھ رہا تھا تو دوسری طرف وہ ایک نئے عزم کے ساتھ عوام کی آزادی کی جنگ لڑنے کو تیار ہو گئی تھیں اور پھر ظالموں نے کچھ ہی دنوں بعد لیاقت باغ راولپنڈی میں ان کو شہید کر دیا تھا مگر جس مقصد اور نظریے کیلئے محترمہ نے جان دی اس کی حفاظت اور جمہوریت کو بحال کرانے کیلئے جنگ ختم نہیں ہوئی۔ آج ان کا بیٹا بلاول بھٹو زرداری کی نے جوش اور ولولے کے ساتھ اپنی شہید ماں اور شہید نانا کا پرچم لے کر رجعت پسند قوتوں کے خلاف سینہ تانے کھڑا ہے۔ 18 اکتوبر کے دن ہونے والے دھماکوں میں محترمہ بینظیر بھٹو اور پارٹی کی مرکزی قیادت اگر چہ محفوظ رہی تھی اور صرف عام ورکر اور کارکن ہی اپنی قائد پر قربان ہوئے تھے۔ ہمارے ہاں یہ تاریخی روایت ہے کہ عام سیاسی ورکروں کی موت کو یاد رکھا جاتا ہے نہ ہی ان کو اہمیت دی جاتی ہے مگر پاکستان پیپلز پارٹی کی روایت ہے کہ پارٹی کی اصل قوت ہی دورکر ہیں ان کو صرف انتخابی ہتھیار نہیں سمجھا جاتا بلکہ ہر طرح ان کی خبر گیری رکھی جاتی ہے ان کے مسائل اور دکھ سکھ میں قیادت شامل ہوتی ہے۔ اسی لیے ہر سال 18 اکتوبر کو پاکستان پیپلز پارٹی ایک قومی سانحہ کے طور پر مناتی ہے۔ مرنے والوں کی مغفرت کیلئے دعا کے ساتھ ان کے لواحقین کو یاد کیا جاتا ہے زخمی اور معذور ہونے والوں کے زخموں پر مرہم رکھا جاتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے تو پارٹی قیادت سنبھالنے کے بعد اپنی ماں کے جانثار ساتھیوں کو بڑی محبت اور اپنائیت سے پکارا ہے اور 18 اکتوبر کو کراچی میں جلسہ رکھ کر در اصل اسی دن سے وابستہ یادوں کو تازہ کرنے اور اپنی عظیم ماں کے مشن کو مکمل کرنے کیلئے نئے جذبے کے ساتھ میدان میں اترنے کیلئے ہی منتخب کیا ہے۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔)

فیصل آباد میں نوجوان صنعتکار کا قتل، لمحہ فکریہ!

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے چند روز پہلے فرمایا کہ انہوں نے سی سی ڈی کا محکمہ بنایا تھا اور آج فخر سے کہہ سکتی ہیں کہ اس کی وجہ سے پنجاب میں جرائم آدھے رہ گئے ہیں، بعض شہروں میں تو کئی ماہ گذر جاتے ہیں، کوئی جرم ہوتا ہی نہیں، یہ نہیں انہیں یہ معلومات کون دیتا ہے، یہاں یہ عالم ہے کہ کوئی دن نہیں جاتا جب کسی بھیانک جرم کی خبر نہ آئے۔ میں خود کئی بار یہ لکھ چکا ہوں کہ سی سی ڈی کے آنے سے فرق پڑا ہے مگر جو اندھا دھند واقعات ہوئے انہوں نے خود اس محکمے پر بھی سوال کھڑے کئے اور اسے دفاعی پوزیشن پر آنا پڑا۔ اب فیصل آباد سے یہ اندوہناک خبر آئی کے ملک کے ایک مشہور صنعتی برانڈ کے مالک جواں سال صنعتکار ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک بارونق علاقے میں جاں بحق ہو گئے۔ یہ واقعہ بذاتِ خود اِس بات کی گواہی دے رہا ہے پنجاب کے دور دراز علاقوں اور شہروں کی صورتحال تو رہی ایک طرف فیصل آباد جیسے پنجاب کے دوسرے بڑے شہر میں اَمن و امان کی صورتِ حال کتنی تشویشناک ہو چکی ہے۔ کہانی اس لئے بھی دیدہ دلیری کی حد تک پہنچی نظر آئی کہ یہ واقعہ فیصل آباد کے سب سے محفوظ اور پوش علاقے چناب کلب سے شروع ہوا اور جڑانوالہ روڈ پر بندوخان ریسٹورنٹ کے قریب اس کا المناک انجام ایک انسان کی جان لے گیا۔ اس سے تو یہی نتیجہ سامنے آتا ہے کہ پنجاب میں اسلحہ بردار ڈاکو اور لٹیرے دندناتے پھر رہے ہیں اور انہیں کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں، نوجوان صنعتکار میاں ریحان اشرف اپنی نئی لینڈ کروز پر ایک کھانے کیلئے سینکڑوں لوگ مار دیئے تھے آج وہ باہر کھڑی کی، ویلٹ پارکنگ والے کو چابی دی، جب وہ کھانا کھا رہے تھے تو ٹریفک سسٹم کی وجہ سے سگنل موصول ہوئے کہ کوئی اُن کی گاڑی سے چھیڑ چھاڑ کر رہا ہے وہ فوراً اُٹھ کر باہر گئے تو دیکھا اُن کی گاڑی موجود نہیں اور نہ وہ ویلٹ پارکنگ والا آدمی موجود ہے۔ انہوں نے فوراً ٹریفک کمپنی کو اطلاع دی، جس کے بعد نظام ایکٹو ہوا تو کمپنی نے بتایا کہ گاڑی جڑانوالہ روڈ پر ہے۔ ریحان اشرف اپنے بھائی اور دوستوں کے ساتھ دوسری گاڑی میں اُس طرف گئے تو انہیں گاڑی نظر آگئی۔ انہوں نے اپنی گاڑی سے اُتر کر انہیں للکارا تو گاڑی لے جانے والوں نے فائرنگ کر دی، ایک گولی ریحان اشرف کی گردن پر لگی اور وہ وہیں خون میں لت پت ہو کر جان کی بازی ہار گئے، فائرنگ کرنے والے گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو کر نامعلوم سمت کی طرف نکل گئے، ویسے تو اِس واقعہ میں کئی سبق موجود ہیں تاہم اس زمینی حقیقت سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جرائم پیشہ افراد کہیں گئے نہیں بلکہ انہی شہروں، محلوں اور گلیوں میں دندناتے پھرتے ہیں، وارداتوں کے بعد ملزموں کو پکڑ لینا اتنا بڑا کارنامہ نہیں جتنا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ واردات سے پہلے انہیں دھر لیا جائے۔ جب کسی کی جان چلی جاتی ہے تو وہ واپس نہیں آسکتی، چاہے آپ بندے پکڑ کر اِن کاؤنٹر میں مار دیں۔

